**QUETTA:** At the invitation of Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, children from Sweet Home Islamabad visited Quetta and met with the Chief Minister at the Chief Minister's Secretariat. The children had lunch with the Chief Minister and asked questions about various issues related to Balochistan.

Mir Sarfaraz Bugti welcomed the delegation and provided information about the historical and current situation in Balochistan. He also informed them about the provincial government's priorities and welfare projects, including educational scholarships, the Pink Scooty Scheme for girls, and the Skills Development Program for youth.

Chairman Sweet Home Islamabad Zamrud Khan, Senator Dinesh Kumar, and Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan were also present at the meeting. The Chief Minister appreciated the children's abilities and praised their courage and determination. He stated that institutions like Sweet Home are a shining example of social welfare and hope for society. During the event, the Chief Minister presented gifts to the children and expressed his best wishes for their future.

The children expressed their happiness and heartfelt joy while paying tribute to the Chief Minister's spirit.

Bullet No. 2 Page No. 15

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
جلد 53 | پیر 19 رجب 1446ھ 20 جنوری 2025ء صفحات 08 | شمارہ 204
قیمت 30 روپے | PTCL 081-2827345 081-2827344 | Email. mashriqqta2003@gmail.com | رجسٹرڈ BC-m-11

# ژوب، سیکورٹی فورسز نے افغانستان سے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی 5 خوارج ہلاک

## دہشتگردوں کیلئے پاکستان میں کوئی جگہ نہیں، وزیراعلیٰ کا کامیاب آپریشن پر جوانوں کو مبارکباد

18اور19 جنوری کی رات خوارج کے ایک گروپ نے پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش کی، سیکورٹی فورسز نے بھرپور کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی، آئی ایس پی آر

سیکورٹی فورسز کی موثر کارروائی کے نتیجے میں پانچ خوارج مارے گئے، افغان حکومت خوارج کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے اپنی سرزمین استعمال کرنے سے روکے، پاک فوج

ہمارے جوانوں نے اپنی قربانیوں اور پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کے عزائم کو خاک میں ملایا اور خوارج کو واصل جہنم کر کے ثابت کردیا کہ پاک فوج دہشتگردوں سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے

بلوچستان کی حکومت اور عوام اپنی افواج کے شانہ بشانہ ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہیگی پاکستان کی سرحدیں محفوظ، افواج ہر چیلنج کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہیں، میر سرفراز بگٹی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سیکورٹی فورسز نے ژوب میں پاک افغان سرحد کے قریب کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی کوشش کرنے والے 5 خارجی دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ 18اور19 جنوری کی رات خوارج کے ایک گروپ نے پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش کی، سکیورٹی فورسز ن ژوب کے علاقہ......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سمبازہ سے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز کی موثر کارروائی کے نتیجے میں پانچ خوارج مارے گئے، پاکستان عبوری افغان حکومت سے مسلسل کہتا آرہا ہے کہ وہ سرحد کے اطراف موثر بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنائے۔ رپورٹ کے مطابق توقع ہے کہ عبوری افغان حکومت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گی، افغان حکومت خوارج کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے اپنی سرزمین استعمال کرنے سے روکے۔ اس میں کہا گیا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اپنی سرحدوں کو محفوظ بنانے اور دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ژوب کے علاقے سمبازی میں خوارج کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنانے پر پاکستان کی بہادر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے جوانوں نے ایک بار پھر اپنی قربانیوں اور پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کے عزائم کو خاک میں ملادیا اور خوارج کو واصل جہنم کر کے ثابت کردیا کہ پاکستان کی سرزمین پر دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کی حکومت اور عوام اپنی افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک یہ جدوجہد جاری رہے گی۔ پاکستان کی سرحدیں محفوظ ہیں اور ہماری افواج ہر قسم کے چیلنج کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئٹ ہوم کے بچوں کو دیئے گئے ظہرانے میں شریک ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سوئٹ ہوم کے بچوں کو گفٹ دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا سوئٹ ہوم کے بچوں اور ادارے کے سربراہ زمرد خان کے ہمراہ گروپ فوٹو

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 20 JAN 2025 Page No. 17

## بلوچستان ہائیکورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری

**محمد آصف، محمد ایوب خان اور محمد نجم الدین بلوچستان ہائیکورٹ میں ایڈیشنل جج تعینات**

**صدر مملکت آصف علی زرداری کی منظوری سے وزارت قانون نے نوٹیفکیشن جاری کردیا**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ہائیکورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری ہوگیا صدر مملکت آصف علی زرداری کی منظوری سے وزارت قانون نے ........

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

نوٹیفکیشن جاری کردیا نوٹیفکیشن کے مطابق محمد آصف، محمد ایوب خان اور محمد نجم الدین بلوچستان ہائیکورٹ میں ایڈیشنل جج تعینات ہوگئے

## دہشت گردی کے متاثرین کو چھ ارب 88 کروڑ روپے کی ادائیگیاں

**بلوچستان میں پچھلے پندرہ برسوں کے دوران دہشت گردی واقعات میں متعدد افراد متاثر ہوئے**

**ڈیڑھ سال کے دوران ایک ارب سے زائد رقم مالی معاوضے کی صورت میں ادا کی گئی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں پچھلے پندرہ برسوں کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں حکومت نے متاثرین کو مالی معاونت کی صورت میں چھ ارب 88 کروڑ روپے سے زائد کی ادائیگیاں کیں، پچھلے ڈیڑھ سال کے دوران ایک ارب سے زائد رقم مالی معاوضے کی صورت میں ادا کی گئی۔ بلوچستان حکومت نے 2010 میں دہشت گردی ........

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کا شکار افراد اور املاک کے نقصانات کا ازالہ کا فیصلہ کیا، محکمہ داخلہ بلوچستان کی دستاویز کے مطابق مالی سال 2010-11 سے لیکر اب تک دہشت گردی کے واقعات میں جان بحق افراد، سرکاری ملازمین کے لواحقین، زخمیوں اور املاک کے نقصان کے ازالے کی مد میں چھ ارب، 88 کروڑ 42 لاکھ نو ہزار روپے کی رقم معاوضے کے طور پر ادا کی

## دالبندین، گورنر تبوک شکار کھیلنے کے بعد اپنے ملک روانہ

**ڈپٹی کمشنر چاغی عطاء المنعم انتظامیہ کے دیگر افراد نے رخصت کیا**

دالبندین (نمائندہ خصوصی) سعودی گورنر تبوک پرنس فہد بن سلطان بن عبدالعزیز السعود دگور کا شکار کھیلنے کے بعد واپس روانہ ذرائع کے مطابق سعودی کے گورنر تبوک ........

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

پرنس فہد بن سلطان بن عبدالعزیز السعود بروز اتوار دالبندین ائیرپورٹ سے واپس روانہ ہوگئے

## لیویز فورس کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے ڈی جی لیویز فورس

**بہترین کارکردگی کی بدولت بلوچستان کا 80 فیصد ایریا لیویز کے زیر کنٹرول ہے لیویز فورس تمام چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہے**

**ملازمین کے تمام مسائل حل ہوں گے، بھرتیاں میرٹ پر ہوں گی اہلکاروں کو سردی سے بچاؤ کیلئے جیکٹس اور دیگر سامان فراہم کیا جائیگا، عبدالغفار مگسی**

پشین (خ ن) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی نے ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب شدید برفباری میں ضلع پشین کا دورہ کیا جہاں انہوں نے یارو، سرانان، ہیکلزئی، بے زئی اور ڈب کراس لیویز چیک پوسٹوں کا وزٹ کرکے تھانوں اور چوکیوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور تھانہ انچارج سمیت لیویز اہلکاروں سے مسائل اور مشکلات دریافت کیں۔ اس موقع پر محب ترین اور رسالدار گوہر خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی نے کہا کہ بلوچستان لیویز ایک مثالی فورس ہے جس پر فخر کرتا ہوں لیویز فورس کو مزید جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے بہترین کارکردگی کی بدولت بلوچستان کا 80 فیصد ایریا لیویز کے زیر کنٹرول ہے لیویز فورس تمام چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہے

CamScanner

## بارش نے حکومتی دعوؤں کا پول کھول دیا، جمعیت نظریاتی

### سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں عوام کی مشکلات کا کوئی نوٹس لینے والا نہیں، قاری مہراللہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی مولانا خدائے نظر قاری عبیداللہ حقانی مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی اور مولانا صالح محمد نے کہا ہے کہ بارشوں نے حکومتی دعوؤں کا پول کھول دیا، بیشتر شاہراہیں اور سڑکیں تالاب بن گئیں، ناقص سیوریج نظام کے باعث پانی سڑکوں پر ابل پڑا، عوام کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ناقص نکاسی نظام اور برساتی نالے نہ ہونے کی وجہ سے بارشوں میں کافی نقصانات اور صفائی کا نظام درہم برہم ہوگیا، ناقص نکاسی نظام سے شہر بھر کی سڑکوں پر جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں، سیوریج کا پانی سڑکوں پر بہہ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں لیکن کوئی نوٹس لینے والا نہیں۔



## خواتین بچوں کی امن ریلی پر لاٹھی چارج بلوچ روایت کے برعکس ہے، راحب بلیدی

### سمی دین بلوچ وہاب بلوچ سمیت متعدد سیاسی کارکنوں کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی امان اللہ خان کاکڑ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کراچی میں سندھ پولیس کی جانب سے بلوچ یکجہتی کمیٹی کے پرامن ریلی پر لاٹھی چارج اور گرفتاریاں سمی دین بلوچ ایڈووکیٹ وہاب بلوچ سمیت متعدد سیاسی کارکنوں کی گرفتاری خواتین پر لاٹھی چارج کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سندھ پولیس نے خواتین بچوں ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پرامن ریلی پر لاٹھی چارج بلوچ روایت کے برعکس ہے بیان میں کہا کہ پاکستان ایک جمہوری ملک ہے آئین کے تحت پرامن ریلی جلسہ جلوس ہر ایک کا بنیادی حق ہے پرامن ریلی پر تشدد گرفتاریاں سندھ حکومت کی بوکھلاہٹ ہے بیان میں کہا کہ سندھ اور موجودہ حکومت کا طرز حکمرانی آمریت سے بھی بدتر ہے بیان میں مطالبہ کیا کہ کراچی پرامن ریلی میں گرفتار تمام سیاسی کارکنوں کو فوری رہا کیا جائے اور بلوچ خواتین پر تشدد کرنے میں ملوث پولیس اہلکاروں کے کاروائی کی جائے

## ڈاکٹروں کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری ناقابل قبول ہے، پشتونخوامیپ

### اس طرح کا اقدام عدالتی اور جمہوری نظام کو پاؤں تلے روندنے کی کوشش ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی بیان میں غیر آئینی حکومت کی جانب سے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکس کے جائز مطالبات کو ماننے کی بجائے انتقامی رویہ اپنانے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ عدالت سے گرینڈ ہیلتھ الائنس کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کی ضمانت پر رہائی کے حکم کو پامال کرتے ہوئے تھری ایم پی او کے تحت انہیں ایک ماہ نظر بند رکھنے کے اقدامات دراصل حکومتی انتقامی کارروائی ہے۔ یہ عدالتی اور جمہوری نظام کو پاؤں تلے روندنے کی کوشش ہے جو کسی صورت قابل برداشت اور قابل قبول نہیں۔ اسی طرح سرکاری ہسپتالوں کی ادویات بند کرنے کا اقدام باعث افسوس ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ محکمہ صحت کے اداروں کو پرائیوٹائز کرنے کے عوام دشمن اقدام کے خلاف احتجاج تمام صوبے کے جمہوری عوام، جمہوری قوتوں اور خصوصاً ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکس کا جمہوری حق ہے۔ اس کی پامالی ناقابل قبول ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ رشوت پر کرپشن کی روک تھام کے اداروں کی مجرمانہ خاموشی سمجھ سے بالاتر ہے۔ دوسری جانب سولین اتھارٹی کی مکمل پامال جاری ہے اور صوبے پر مسلط حکمران عوام کی خدمت کے اداروں کو ختم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ جس کا نوٹس لینا صوبے کے جمہوری عوام کا حق ہے۔ پارٹی اپنی قانونی وکلاء فورم کو ہدایت کرتی ہے کہ وہ ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکس کے جمہوری حق کے لیے عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹائے، ان کا مکمل ساتھ دے۔



## خواہشات کی تکمیل تباہی کا باعث بنے گی، امان اللہ کنرانی

### حکمرانوں کی نااہلی سے یو ایس ایس آر جیسی سپر پاور بھی ریزہ ریزہ ہوگئی

کوئٹہ (پ ر) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے اپنے ایک بیان میں ملکی حالات پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے متوجہ کیا ہے کہ حکمرانوں کی نااہلی کے باعث یونین آف سوویت سوشلسٹ ریپبلک USSR جیسی سپر پاور ریزہ ریزہ ہوگیا تاریخ کو اصلاح کا سبق آموز دستاویز مانا جائے تو آج اپنے پیارے پاکستان کے 77 سالہ تاریخ پر نظر دوڑائی جائے کہ کہیں ہمارے گورباچوف امریکی سی آئی اے کے خواہش کی تکمیل تو نہیں کر رہے ہیں جن کی کارستانیوں سے ملک کا سب سے بڑا حصہ جدا ہوگیا اس سرزمین کے 3 خطے میر جاوا (بلوچستان سے ایران) سیاچن و کارگل (کشمیر سے بھارت) کے حوالے ہوئے بقیہ پاکستان بلوچستان میں جاری تشویشناک صورتحال جس میں خواتین کے خلاف بلوچستان اور سندھ میں طاقت کا استعمال و خیبر (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

پختون خواہ میں وزیرستان سے پارہ چنار خون آلودہ ہوگا ہے انہوں نے کہا کہ ہماری جمہوریت و جمہوری عمل و انصاف کی راہ میں آئینی و قانونی تقاضوں کو پامال کرنا آئین کو اپنی مرضی و منشاء کے مطابق تدوین کرنا مارشل لاء کے فرمودات کی طرز پر حکومت و پارلیمنٹ و عدالت و انتظامیہ کو طابع رکھ کر گذشتہ 4 مارشلاؤں کے تلخ نتائج کو نظرانداز کر کے شخصی خواہشات کی تکمیل پاکستان کی تباہی و بربادی کا باعث بن سکتا ہے وطن سے پیار کرنے والے وطن کے دفاع کیلئے اپنی آواز اٹھائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 20 JAN 2025 Page No. 20

## دکی: ساتھیوں کی فائرنگ سے ڈاکو ہلاک، زخمی سمیت 3 ملزمان گرفتار

**ملزمان لورالائی میں پک اپ چھیننے کے بعد دکی بھاگ رہے تھے، ایس ایچ او ہمایوں ناصر**

دکی (نامہ نگار) ایس ایچ او دکی ہمایوں خان ناصر کے مطابق چھازہ ک مقام پر فائرنگ تبادلے کے بعد تین ڈاکو گرفتار کر لیے گئے ڈاکو پک اپ چھین کر بھاگ رہے تھے کہ لورالائی لیویز نے ملزمان کا پیچھا کیا اس دوران ڈاکوؤں کی اپنی فائرنگ سے ان کا ساتھی جاور خان زرکون موقع پر ہی ہلاک اور ایک زخمی ہو گیا اطلاع ملنے پر دکی پولیس نے ملزمان کا تعاقب کیا اور فائرنگ تبادلے کے بعد زخمی ڈاکو کو دو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا ملزمان کی شناخت جان محمد ولد خانی، گل محمد ولد صاحب جان اور عبدالواحد ولد سید محمد کے نام سے ہوئی ہلاک ڈاکو دکی پولیس کو مطلوب تھا جبکہ زخمی ڈاکو عبدالواحد تین مقدمات میں عدالت سے ضمانت پر ہے۔

## تربت: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

تربت (نامہ نگار) نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے محمد عارف ولد محمد عمر نامی شخص کو ہلاک کر دیا۔ مقتول کا تعلق پنجگور سے تھا۔ مغرب کے وقت محمد عارف اپنی موٹر سائیکل پر تربت سے آپسر کی جانب جا رہا تھا۔ راستے میں نامعلوم افراد اسے گولی مار کر فرار ہو گئے۔

## دکی میں فائرنگ سے قبائلی شخصیت جاں بحق

دکی (نامہ نگار) سردار در محمد ناصر چوک پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے قبائلی شخصیت حاجی شیر محمد ناصر زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کے بعد لورالائی منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے پولیس نے ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

## اوستہ محمد میں چوروں نے دکان کا صفایا کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے علاقے ایری لاڑو کے مقام پر گذشتہ شب نامعلوم افراد نے دکان میں نقب لگا کر اڑھائی لاکھ روپے اور دیگر قیمتی سامان چوری کر لیا۔

## جیکب آباد سے بھاگ شہر آنے والی ویگن کو لوٹ لیا گیا

بھاگ (نامہ نگار) جیکب آباد سے بھاگ شہر آنے والی ویگن کو لوٹ لیا گیا، تفصیلات کے مطابق جیکب آباد سے بھاگ شہر آنے والی مسافر ویگن کو لیویز تھانہ بختیار آباد کی حدود شہید بادشاہ لیویز چوکی کے بالکل قریب نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے روڈ پر رکاوٹیں کھڑی کر کے مسافر ویگن کے ڈرائیور حبیب اللہ سمیت تمام مسافروں کی جامعہ تلاشی لیکر ان سے نقدی، موبائل دیگر سامان لوٹ کر با آسانی فرار ہو گئے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوہلو لیویز کیو آر ایف کا آپریشن، 200 ایکڑ پوست کی فصل تلف، 55 افغانی باشندے بھی گرفتار

**دشوار راستوں و پہاڑی سلسلوں پر مشتمل آپریشن میں لیویز کیو آر ایف کے 136 جوانوں نے حصہ لیا، آپریشن 30 گھنٹے تک جاری رہا**

**13 واٹر پائپ جنریٹر اور سینکڑوں فٹ کیبل ضبط، 24 سمارٹ فونز اور لاکھوں روپے کے پاکستانی اور افغانی کرنسی برآمد کر لی، شیر محمد مری**

کوہلو (نمائندہ مشرق) لیویز کیو آر ایف کا آپریشن، 200 ایکڑ پوست کی فصل تلف کر دی گئی۔ آپریشن میں 55 افغانی باشندے بھی گرفتار کر لیے گئے۔ لیویز لائن کوہلو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے رسالدار میجر ہیڈ کوارٹر شیر محمد مری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لیویز کیو آر ایف نے یونین کونسل پڑہ کے مختلف علاقوں میں کامیاب آپریشن کر کے سینکڑوں ایکڑ اراضی پر کاشت پوست کی فصل کو تلف ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کر دیا گیا ہے۔ آپریشن کے دوران 55 افغانی باشندوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے جو پوست کی فصل کے دیکھ بھال کر رہے تھے۔ دشوار راستوں و پہاڑی سلسلوں پر مشتمل آپریشن میں لیویز کیو آر ایف کے 136 جوانوں نے حصہ لیا جو کہ 30 گھنٹے تک جاری رہا، کارروائی میں 200 سے زائد ایکڑ پر مشتمل پوست کی فصل تباہ کر دی گئی۔ 75 سولر پینل، 13 واٹر پائپ جنریٹر اور سینکڑوں فٹ کیبل ضبط کر لیا گیا ہے۔ ملزمان کے زیر استعمال 12 موٹر سائیکل، 24 سمارٹ فونز اور لاکھوں روپے کے پاکستانی اور افغانی کرنسی برآمد کر لی گئی ہے۔ جبکہ 17 کیمپ بھی نذر آتش کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پہاڑی سلسلے میں سامان کی ترسیل میں مشکلات کے سبب 400 سولر پینلز، 31 بوری کھاد، 40 بوری بیج تلف کیا گیا جبکہ ملزمان کے زیر استعمال 400 لیٹر پٹرول اور 800 لیٹر ڈیزل بھی ضائع کر دیا گیا، لیویز تفتیشی آفیسران پر مشتمل ٹیم واقعے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے، غیر قانونی مقیم افراد امن و امان کے صورتحال کے لئے چیلنجز بن سکتے ہیں، منشیات کے خلاف آپریشن کا تسلسل جاری رہیگا

## لورالائی لیویز فورس پر فائرنگ کر کے دکی فرار ہونے والے 3 ڈاکو گرفتار

**جان محمد ونیچی، گل محمد ونیچی اور عبدالواحد ونیچی کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا، ایس ایچ او دکی**

دکی (خ ن) دکی پولیس کی کارروائی۔ لورالائی لیویز فورس پر فائرنگ کر کے دکی فرار ہونے والے تین ڈاکو گرفتار، تفصیلات کیمطابق ایس ایچ او دکی ہمایوں خان ناصر کی نگرانی میں پولیس نے کارروائی کر کے لورالائی نیشنل ہائی وے ڈیرہ روڈ کلی چھازہ کے مقام پر ڈاکوؤں اور لیویز کے درمیان فائرنگ کے تبادلے کے بعد دکی فرار ہونے والے تین ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا، ایس ایچ او دکی ہمایوں خان ناصر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ گرفتار ......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ہونے والے ڈاکوؤں میں عبدالواحد ونیچی کو زخمی حالت میں دیگر دو ڈاکوؤں کے ہمراہ گرفتار کر لیا گیا ڈاکوؤں نے چھازہ کے مقام پر پک اپ چھینا تھا جسکے بعد لورالائی لیویز نے انکا پیچھا کیا لورالائی لیویز کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے بعد ڈاکوؤں کی اپنی فائرنگ سے انکا ساتھی جاور خان زرکون موقع پر جانبحق ہو گیا تھا ڈاکو جاں بحق اور زخمی ساتھیوں کو لیکر دکی آ رہے تھے اطلاع ملنے پر دکی پولیس نے کارروائی کر کے ایک ڈاکو کو زخمی جبکہ دیگر دو ساتھیوں کو گرفتار کر لیا گرفتار ڈاکوؤں میں جان محمد ولد خان، قوم ونیچی، گل محمد ولد صاحب جان قوم ونیچی اور عبدالواحد ولد سید محمد قوم ونیچی شامل ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 4

Dated: 20 JAN 2025 Page No. 21


## سرکاری ملازم کی چوری ہونیوالی بائیک برآمد، 4 ملزمان گرفتار

### ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور واردات میں استعمال ہونیوالی گاڑی بھی برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جناح ٹاؤن پولیس نے جی او آر کالونی سے سرکاری ملازم کی چوری ہونے والی موٹرسائیکل چھ گھنٹے میں برآمد کر کے موٹرسائیکل چھیننے اور چوری کرنے والے گروہ کے سرغنہ کو تین ساتھیوں سمیت گرفتار کر کے اسلحہ اور واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی قبضے میں لے لی پولیس کے مطابق ہفتے کو جی او آر کالونی کے فلیٹ میں رہائش پذیر سرکاری ملازم عطا محمد کی موٹرسائیکل ایک گاڑی میں سوار چار نامعلوم افراد نے چوری کر لی تھی جس اطلاع ملنے پر پولیس نے شہر بھر کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی، پولیس نے بتایا کہ (باقی صفحہ 5 نمبر 6)


(باقی صفحہ 5 نمبر 6)


اطلاع ملنے پر ایس ایچ او جناح ٹاؤن اسد خان مندوخیل نے دیگر عملے کے ہمراہ جناح ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں کارروائی کی اسی دوران کی کمپاؤنڈ میں چیکنگ کی تو چار مشکوک افراد اور جی او آر کالونی سے چوری کی گئی موٹرسائیکل موجود تھی پولیس نے چاروں ملزمان اویس خان ظفراللہ فرحان اور فیصل کو گرفتار کر کے تین ٹی ٹی چوری کی واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی قبضے میں لے لی پولیس نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش میں گرفتار ملزمان نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے گروہ کا سرغنہ گرفتار ہونے والا ملزم اویس خان ہے یہ گروہ گاڑی میں سوار ہو کر شہر کے مختلف علاقے میں واردات کرتے ہوئے اب تک دو درجن سے زائد موٹرسائیکلیں چوری اور چھیننے کا اعتراف کیا ہے مزید تفتیش کی جاری ہے۔


INTEKHAB QUETTA


## تربت، مسلح افراد کی فائرنگ، پنجگور کا رہائشی جاں بحق

### فائرنگ کا واقعہ آپسر کے علاقے میں پیش آیا، ملزمان با آسانی فرار

تربت (بیورو رپورٹ) تربت، مسلح افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، شناخت پنجگور کے رہائشی محمد عارف ولد محمد عمر کے نام سے کی گئی ہے، پولیس ذرائع کے مطابق آپسر کے علاقہ میں نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے محمد عارف ولد محمد عمر سکنہ پنجگور پر فائرنگ کر کے اسے قتل کر دیا اور فرار ہوگئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 20 JAN 2025 Page No. 22

## ایئرپورٹ روڈ پر بجلی کی آنکھ مچولی معمول بن گئی

**بار بار بجلی کی ٹرپنگ سے شہریوں کے قیمتی الیکٹرانک آلات جل رہے ہیں**

**مسئلہ فی الفور حل نہ کیا گیا تو مین ایئرپورٹ روڈ بلاک کرکے احتجاج کرینگے، اہل علاقہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایئرپورٹ روڈ سمیت شہر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ اور آنکھ مچولی سے عوام عاجز، برقی آلات جلنا بھی معمول بن گئے مگر کیسکو حام اور عملہ شکایات کے باوجود بالکل خاموش، کوئٹہ کے ایئرپورٹ روڈ پر بجلی کی آنکھ مچولی روز کا معمول بن چکی ہے اتوار کی شب نصف گھنٹے کے دوران چھ مرتبہ بجلی آئی اور گئی، اس صورتحال نے علاقہ مکینوں کو ذہنی کوفت میں مبتلا کر دیا۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ پہلے تو بجلی یہاں ہوتی ہی نہیں اور جب آتی (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

ہے تو انتہائی کم وولٹیج اور بار بار بجلی کی ٹرپنگ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہورہے ہیں، کیسکو حکام سے بارہا شکایات کی گئیں، مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی، علاقہ مکینوں نے خبردار کیا کہ علاقے میں بجلی کی آنکھ مچولی بار بار بندش کے سلسلے کا نوٹس لیکر سدباب کیلئے اقدامات کئے ورنہ ہم سڑک بند کرکے احتجاج پر مجبور ہونگے۔

## سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کا فقدان، مریض رل گئے

**کسی نے بھی اس جانب توجہ نہیں دی، مریض میڈیکل سٹور سے ادویات خریدنے پر مجبور**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کا فقدان، مریض میڈیکل اسٹورز سے ادویات خریدنے پر مجبور ہوگئے سول ہسپتال اور بی ایم سی شیخ زید ہسپتال میں مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں، کئی روز جاری ہڑتال اور بائیکاٹ کے باعث اب مریض اور ان کے تیمار دار پریشان ہیں کہ وہ کیسے اپنا علاج کرائیں، نہ تو صوبائی وزیر صحت نے اس جانب کوئی توجہ دی اور نہ ہی محکمہ صحت کے دیگر کرتا دھرتا اس جانب کوئی توجہ دے رہے ہیں اگر بروقت ادویات مریضوں کو مل جائیں تو غریب مریضوں کا علاج بہتر طریقے سے ہوسکتا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## ہنہ جھیل کچرے کے ڈھیر میں تبدیل، سہولیات کا فقدان، سیاح مایوس

**انتظامیہ اور حکومتی عدم توجہی کے باعث جھیل کی رونقیں ماند پڑنے لگیں، جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگنے سے تعفن پھیلنے لگا، سیاح مایوس ہوکر واپس لوٹنے لگے**

**پینے کے پانی کا فقدان، درخت بھی غائب، سیاحوں کے بیٹھنے کیلئے کوئی انتظام نہیں، بچوں کے کھیلنے کیلئے جھولے تک میسر نہیں، جھیل انتظامیہ بے بسی کا شکار**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ شہر کا قدیم اور واحد سیاحتی مقام ہنہ جھیل کچرے کے ڈھیر اور کھنڈرات میں تبدیل، سیاحوں کے لئے سہولیات کا فقدان دیگر صوبوں سے آئے کئی سیاح مایوس ہوکر واپس لوٹ گئے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ شہر کا قدیم اور واحد سیاحتی مقام ہنہ جھیل انتظامیہ اور حکومتی عدم توجہ کی وجہ سے کچرے کے ڈھیر اور کھنڈرات میں تبدیل ہوگیا ہے۔ جھیل جانے والی مرکزی شاہراہ کو کئی ماہ پہلے ماہ پہلے توڑ دیا گیا ہے جس کی بعد ازاں تعمیر نہیں کی گئی جھیل میں آنے والے سیاحوں سے داخلے کے مقام پر فی گاڑی 100 روپے جبکہ پارکنگ کی علیحدہ فیس وصول کی جاتی ہے مگر اس کے باوجود جھیل میں نہ تو بقیہ نمبر 33 صفحہ 5 پر

پینے کے پانی، درخت، بیٹھنے کے لئے بنچ، سیاحوں کے لئے قیام وطعام کی سہولیات ہیں اور نہ ہی بچوں کے لئے جھولے، چیئر لفٹ یا کوئی اور ایسی تفریح جس سے وہ لطف اندوز ہوسکیں۔ جھیل کی انتظامیہ سیاحوں کے آمد کے سیزن میں موقع سے غائب رہی جبکہ ہنہ جھیل میں صفائی کے فقدان اور عدم توجہ کے باعث جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگ گئے ساتھ ہی عمارتیں بھی کھنڈرات میں تبدیل ہوگئی ہیں۔ اس حوالے سے معلومات کرنے پر انتظامیہ کے کسی بھی ذمہ دار سے رابطہ نہ ہوسکا۔ ہنہ جھیل آنے والے سیاحوں کا کہنا تھا کہ وہ کوئٹہ سمیت دیگر صوبوں سے سیاحتی مقام پر تفریح کے لئے آئے ہیں تاہم یہاں پر سہولیات نہ ہونے کے باعث وہ مایوس ہوکر لوٹ رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ہنہ جھیل کو سیاحوں کے لئے بہتر مقام میں تبدیل کیا جائے۔

## سوراب میں ڈرائیوروں کو بھتہ کے نام پر لوٹنے کا سلسلہ تھم نہ سکا

**وزیراعلیٰ بلوچستان اور کمشنر قلات اس ظلم سے نجات دلائیں، متاثرہ ڈرائیوروں کی دہائی**

سوراب (این این آئی) سوراب میں پولیس امن و امان کی بحالی پر توجہ دینے کے بجائے حسب معمول تیل بردار گاڑیوں سے بھتہ وصولی میں مشغول، تیغک سمیت مختلف مقامات پر اہلکار پنجگور سے آنے والی گاڑیوں سے سرعام بھتہ وصول کررہے ہیں، انتظامیہ کی سرپرستی میں پرائیویٹ افراد کی بھتہ خوری کی ہوتے ہوئے سوراب پولیس کا بھتے کے نام پر لوٹنا دہرے عذاب کے مترادف ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان اور کمشنر قلات ڈویژن اس ظلم سے نجات دلائیں، متاثرہ ڈرائیورز کی دہائی۔ تفصیلات کے مطابق سوراب میں لاچار ڈرائیورز کو بھتہ کے نام پر لوٹنے کا سلسلہ تھم نہ سکا، ایک جانب علاقے میں امن وامان کی صورتحال تسلی بخش نہیں تو دوسری جانب سوراب پولیس اپنی ذمہ داریوں پر توجہ مرکوز کرنے کے بجائے پوری توانائی تیل بردار گاڑیوں سے حاصل ہونے والی بھتہ کی آمدنی پر صرف کررہی ہے، جہاں نہ صرف پولیس آفیسران کی رضا بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

مندی سے مسلح پرائیویٹ افراد کے جتھے رات بھر بھتہ کے نام پر تیل بردار گاڑیوں کو سوراب پنجگور قومی شاہراہ پر لوٹتے ہیں وہاں تیغک کے مقام پر پولیس ناکے پر بھی سرعام بھتہ وصولی کا سلسلہ جاری ہے، متاثرہ ڈرائیورز نے سوراب پریس کلب رجسٹرڈ کے اراکین کے توسط سے وزیراعلیٰ بلوچستان اور کمشنر قلات ڈویژن سے اپیل کی ہے کہ انہیں سوراب پولیس کے اہلکاروں اور ان کی رضامندی سے مسلح پرائیویٹ افراد کے ظالمانہ بھتہ خوری سے نجات دلائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: [illegible] 20 JAN 2025

Bullet No. 6

No. 23

# محکمہ صحت کے بعد تعلیم بھی ان ایکشن!

بلوچستان کے چند محکموں میں یہ ہورہا ہے کہ یہاں کے ملازم گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کرتے ہیں اکثر میں دوہری ملازمتوں کا معاملہ بھی شامل ہے۔مبینہ طور پر ایسے ملازمین کے بارے میں بھی معلوم ہوا ہے کہ ان کو آج تک یہ پتہ نہیں کہ ان کی ڈیوٹی کونسے دفتر میں ہے کیونکہ ان کو ہر ماہ تنخواہ گھر بیٹھے مل جاتی ہے۔دفتر کے بارے میں معلوم کرنے کی ضرورت ہی پیش نہیں آئی۔

گذشتہ روز محکمہ صحت نے اس سلسلے میں ایک بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے ایسے ڈاکٹرز جو دوہری تنخواہیں لے رہے ہیں کیخلاف کاروائی شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو کہ بلاشبہ ایک بہت ہی اچھا اقدام ہے۔اب ایک خبر کے مطابق محکمہ صحت بلوچستان کے بعد محکمہ تعلیم بھی ایکشن میں آگیا۔اس نے مستقل غیر حاضر رہ کر تنخواہیں وصول کرنے والے 372 اساتذہ کو ملازمت سے برطرف، 2 7 2 کو معطل اور 3270 اساتذہ کی چند روز غیر حاضری پر تنخواہوں کی کٹوتی کی گئی ہے۔اس ضمن میں ڈائریکٹر محکمہ تعلیم بلوچستان اختر کھیتران نے بتایا کہ انکشاف ہوا تھا کہ صوبے میں اساتذہ کی ایک بڑی تعداد گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کررہے ہیں جبکہ اساتذہ بیرون ملک میں بھی قیام پذیر ہیں۔جس کا صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی نے نوٹس لیتے ہوئے غیر حاضر اساتذہ کیخلاف کاروائی کی ہدایت کی تھی۔انہوں نے بتایا کہ محکمہ تعلیم نے عادی غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کاروائیوں کا آغاز کرتے ہوئے مذکورہ اقدامات کیئے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم صوبائی مخلوط حکومت نے محکمہ صحت اور تعلیم میں مذکورہ اقدامات کرنے کا آغاز کیا ہے وہ بلاشبہ قابل تعریف بات ہے کیونکہ یہ دونوں محکمے بڑی اہمیت کے حامل ہیں لیکن ان میں اکثر ملازمین اپنے فرائض احسن طریقے سے ادانہیں کررہے جن کی وجہ سے عوام کا بہت بڑا نقصان ہورہا ہے۔محکمہ صحت میں علاج ومعالجے کی بہتر سہولتوں کا فقدان ہے جس کے ذمہ دار اس محکمے کے اہلکار ہیں جن میں ڈاکٹرز سرفہرست ہیں۔جو اپنے فرائض میں غفلت اور لاپرواہی کا مظاہرہ کررہے ہیں جو کہ اپنے مقدس پیشے کے ساتھ زیادتی کے مترادف اقدام ہے ان کا درجہ مسیحا کا ہے لیکن وہ اس کے بالکل برعکس کام کررہے ہیں وہ انسانیت کی خدمت کے بجائے صرف پیسہ کمانے کی دوڑ میں شامل ہوگئے ہیں جو کہ ان کو زیب نہیں دیتا۔یہی حال محکمہ تعلیم کا بھی ہے جس کے اساتذہ بھی اپنے فرائض صحیح طریقے سے انجام نہیں دے رہے ان میں مستقل غیر حاضر رہ کر تنخواہیں وصول کرنے والوں کی ایک بہت بڑی تعداد ہے۔چونکہ یہ بھی مقدس پیشہ ہے لیکن یہاں بھی بددیانتی قابل مذمت ہے۔

اس لیئے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی حکومت کو صحت اور تعلیم کے محکموں کے علاوہ دیگر ایسے محکموں میں بھی ایسے ملازمین کے خلاف سخت کاروائی کرنی چاہیئے جو ڈیوٹیوں پر نہیں آتے جو کہ نہایت ہی ناگزیر ہے۔اس پر کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں کرنا چاہیئے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان ٹائمز

Bullet No. 6

Dated: 20 JAN 2025

Page No. 24


## ترقی و خوشحالی کے اہداف ، وزیراعلیٰ بلوچستان کا مبنی برحقیقت موقف!!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ سے پیوستہ روز بلوچستان کے ایک دور افتادہ مگر معدنی ذخائر سے مالا مال ضلع چاغی کے دورے کے موقع پر نوکنڈی میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب اور ریکوڈک سمیت دیگر مراکز کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے بلوچستان کی تعمیر وترقی کے لئے ہر حد تک جانے ،عوام کی امیدوں پر پورا اترنے اور صوبے کے روشن مستقبل کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے اور کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر اس عین مبنی برحقیقت موقف کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے عوام ترقی چاہتے ہیں اور ان کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت نہ صرف عوام کی امیدوں اور توقعات پر پورا اترتے ہوئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے بلکہ حکومت کی ہر ممکن کوشش یہی کہ معدنی منصوبوں سے ملنے والی آمدن پہلے اسی علاقے کی ترقی کے لئے خرچ ہو جہاں سے یہ آمدن ہوتی ہے اس کے بعد ڈویژن اور پھر صوبے پر ان وسائل کو خرچ کیا جائے ۔نوکنڈی میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام ہر قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہ کر ترقی کا حصہ بننا چاہتے ہیں بے روزگاری سے نمٹنے کے لیے ہنر مندی اور نوجوانوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا ہوگی اپنے نوجوانوں کو تعلیم اور ترقی کے مواقع فراہم کریں گے یقین دلاتے ہیں کوئی نوکری فروخت نہیں ہوگی نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں ان کے گھر کی دہلیز پر فراہم کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں غیر ملکی سرمایہ کار آ رہے ہیں جو صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے ریکوڈک کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس منصوبے پر پہلا حق چاغی رخشان ڈویژن کے عوام کا ہے اس کے بعد اگر کچھ بچتا ہے تو باقی بلوچستان پر خرچ ہوگا جیسا کہ تفتان میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ایل پی جی پلانٹ سے حاصل ہونے والا منافع تفتان کے عوام پر خرچ ہوگا انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تعلیم اور قانونی تجارت کو اپنائیں اور غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رہیں وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ پاکستان ہی ہمارا مستقبل ہے اور ریکوڈک کی صورت میں چاغی سے پاکستان کی ترقی کا نیا سفر شروع ہوگا اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے چاغی ڈسٹرکٹ کونسل کے لئے پندرہ کروڑ روپے گرانٹ اور سول اسپتال کے لیے ادویات کا بجٹ دو کروڑ روپے کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے چاغی میں دانش پبلک اسکول کے قیام کے لیے بھی اقدامات کی یقین دہانی کرائی میر سرفراز بگٹی نے عوام کو یقین دلایا کہ حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کے بہتر مستقبل اور صوبے کی خوشحالی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے ریکوڈک منصوبے کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ریکوڈک نے خطے میں کان کنی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا ہے ریکوڈک منصوبے کی ترقی کے فیصلے نے بلوچستان کے کان کنی کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کو نمایاں طور پر بڑھا دیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کی ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان مقامی کمیونٹیز کو معیاری صحت، تعلیم اور ہنر سازی کے ذریعے بااختیار بنانے کے لیے کام کر رہی ہے میر سرفراز بگٹی نے ریکوڈک مائننگ کمپنی سماجی ترقی کے منصوبوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات حکومت کے وژن کے مطابق ہیں اس موقع پر بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک برسٹو نے کہا کہ ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کی کان کنی کی صنعت کی ترقی میں ایک سنگ میل ہے بیرک گولڈ کارپوریشن بطور آپریٹر اس منصوبے کو علاقائی ترقی کے لیے ایک اہم محرک بنانے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ بیرک کارپوریشن نے ریونیو حاصل ہونے سے پہلے ہی تعلیم، صحت، صاف پانی کی فراہمی اور ہنر کی ترقی جیسے شعبوں میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری اقدامات شروع کر دیے ہیں تاکہ مقامی لوگوں کو تعلیم صحت اور بنیادی سہولیات فراہم کی جاسکیں مارک برسٹو نے بتایا کہ اس سال منصوبے کا آغاز ہوگا اور سال دو ہزار اٹھائیس کے آخر میں پیداوار شروع ہو جائے گی انہوں نے کہا کہ ریکوڈک عالمی معیار کی ایک مائننگ بننے جا رہا ہے اور بیرک گولڈ کارپوریشن وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے مابین قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر اپنا مثبت کردار ادا کرے گی ریکوڈک ہو یا پھر سیندک اور دیگر معدنی منصوبے یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ ماضی میں حکومتوں نے ان منصوبوں سے ملک اور صوبے کے خاطر خواہ استفادے کے لئے سنجیدگی نہیں دکھائی تاہم یہ امر مستحسن اور قابل ستائش ہے کہ حالیہ کچھ عرصے میں اس حوالے سے مثبت اور نمایاں پیشرفت ہوئی ہے ریکوڈک منصوبے کی مثال ہمارے سامنے ہے ماضی میں ہم بہت وقت ضائع کیا اور عدالتی فورمز پر وقت اور وسائل کا ضیاع کیا حتیٰ کہ عالمی عدالت سے ہم پر بھاری جرمانہ بھی عائد ہوا از یں بعد سابق دور میں ریکوڈک کا نیا معاہدہ ہوا جس کی رو سے بلوچستان کا شیئر بھی بڑھا اور کمپنی کی سماجی خدمات اور فلاح و بہبود کے منصوبوں کے حوالے سے بھی نئی پیشرفت ہوئی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے کی تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے پوری طرح سنجیدہ اور پرعزم ہیں اور یہ بات ماننی چاہئے کہ ان کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت نے بہتر اور احسن انداز میں صوبے کے مسائل کے حل کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا ہے امید ہے کہ یہ تسلسل برقرار رکھا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 JAN 2025 Page No. 27

# Promoting Balochistan's industrial sector

Balochistan, rich in natural resources, remains a stark example of a region with vast potential yet limited development. Despite the recent commitment by Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti to prioritize industrialization, the province has long faced a severe shortage of industries, resulting in widespread unemployment and poverty. Although Balochistan is abundant in minerals such as copper, gold, and natural gas, its people continue to struggle to benefit from these resources. This disconnect is due to a systemic failure to convert resource wealth into economic prosperity. The absence of industrial infrastructure, inadequate investment, and a challenging business environment have significantly hindered the growth of industries. This not only deprives the province of vital revenue and job opportunities but also perpetuates a cycle of underdevelopment and dependence. The consequences of this industrial void are deeply felt across Balochistan. High unemployment, particularly among the youth, has fueled social unrest and increased migration. Poverty remains widespread, with many families unable to meet basic needs. Moreover, the lack of industrial activity has stunted skill development and technological advancement in the province. To address this critical issue, a comprehensive approach is necessary. First, the government must foster an environment conducive to industrial growth by streamlining bureaucratic processes, improving infrastructure, and offering incentives to investors. This includes ensuring a reliable power supply, enhancing transportation networks, and addressing security concerns. Second, the government must prioritize skill development programs to equip the local workforce with the capabilities required by modern industries. Investing in technical education and vocational training will not only improve employability but also empower the local population. Third, the government should actively engage with both domestic and international private sectors to attract investment and technology. Public-private partnerships can play a pivotal role in developing and managing industrial projects, ensuring sustainable and equitable growth. Additionally, the government must prioritize transparency and accountability in all dealings related to resource extraction and industrial development. Ensuring that the benefits of resource exploitation are fairly distributed among the local population is essential to building trust and fostering long-term development. Chief Minister Bugti's pledge offers a glimmer of hope for the future of industrialization in Balochistan. However, transforming this commitment into tangible results will require focused, sustained efforts. The success of industrialization in the province depends on the collaboration of the government, private sector, and local communities. Together, they can unlock Balochistan's vast potential and pave the way for a more prosperous and equitable future for its people.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

P-1

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 20 JAN 2025 Page No. 26

# Embracing Progress in Balochistan

The hopeful narrative articulated by Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti at Naukundi underscores a pivotal moment for Balochistan. The convergence of policies aimed at investment, education, governance, and local rights provides a framework through which the province can transform. As the people of Balochistan stand with their government and embrace a future built on cooperation, the possibility of economic revival, social harmony, and lasting peace grows brighter. The deployment of resources, commitment to training, and a focus on legal trade offer a roadmap for sustainable development that could redefine the future of this resource-rich province. By turning the tide from conflict to collaboration, Balochistan could emerge as a beacon of hope not just for Pakistan, but for the entire region. In a significant public gathering at Naukundi, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti delivered a powerful, forward-looking message that encapsulates his vision for a prosperous Balochistan. Addressing the citizens, he emphasized the importance of unity and collaboration with the state, firmly stating, "State comes first, nothing will be gained from futile war." This assertion resonates deeply in a province often marred by discord and unrest. The clarity of vision from the Chief Minister reflects a hopeful shift towards reconciliation and development, presenting an opportunity for Balochistan's future to be built on peace rather than conflict. The Chief Minister's call for the people of Balochistan to stand with the state is a strategic plea to engage the populace in constructive activities that foster growth and employment. Understanding that the youth of today are the backbone of any society, Mr. Bugti stated that "the future of youth is linked to education and legal trade." Thus, directing the local youth away from illegal activities such as oil smuggling and towards legitimate economic opportunities is essential. His policies recognize the vital need for skills training to combat rising unemployment, highlighting that "focus on skills" is paramount.

Mr. Bugti's commitment to good governance is commendable. With a firm stance against corruption, he stated that "no government job will be sold," which sends a robust message about integrity in public service. Meritocracy in job allocation can serve as a game-changer in

CamScanner

restoring trust in the provincial governance system, an aspect that has long been undermined by allegations of nepotism and malpractice. This commitment assures the people that transparency and accountability will be the cornerstones of employment initiatives. The Chief Minister's acknowledgment that "foreign investors are coming to Balochistan" is particularly encouraging. His active engagement with international firms, such as Barrick Gold, underscores an optimistic outlook on investment opportunities in the region. During his visit to the Reko Diq Copper Gold Project, he emphasized the significance of local rights over the resources. "The people of Chagai have the first right on Reko Diq," he stated, ensuring that the economic benefits of such ventures directly reach the local communities. This approach not only strengthens the economic fabric of Chagai but also empowers the citizens a sense of ownership over their resources, paving the way for sustainable economic development.

Financial commitments announced by the Chief Minister, including a grant of Rs. 150 million for the Chagai District Council and funding for essential medical supplies, reflect a proactive stance in addressing the pressing needs of the community. These initiatives, along with the promise of establishing a Danish Public School in Chagai, indicate a long-term vision for human capital development in the region. Investing in education is pivotal; it equips the youth with the tools they need to thrive in a modern economy and reduces reliance on precarious employment options. Mr. Bugti aptly pointed out, the pathway to development is contingent upon a collective effort. Pakistan is our future, he asserted, urging the people to embrace their national identity while charting a course for local prosperity. His vision aligns with the government's broader aims of national integration and regional stability, sending a message that unity is a prerequisite for progress.

CamScanner


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: [illegible]

Bullet No. 6 Dated. 19-1-25 Page No. 29





## شہر رومان، بلوچستان کا تاریخی ورثہ خطرے میں

[illegible]



[illegible]



[illegible]



[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: انتخاب


Bullet No. 6

Dated: 19-1-25 Page No. 30


# گوادر کتاب میلہ: علم وادب کی روشنی

**تحریر: سلیمان ہاشم**

گزشتہ مسلسل آٹھ سالوں سے تسلسل سے گوادر کتاب میلہ گوادر، مکران، بلوچستان اور اس سے آگے کے قارئین اور مصنفین کے درمیان فاصلوں کو ختم کرتے ہوئے علم و ادب کی طاقت کا ایک روشن سلسلہ رہا تھا۔ اب کی بار پھر بارگراں آر سی ڈی سی گوادر نے اپنے کندھوں پر اٹھانے کا اعلان کر کے عوام کی دیرینہ تشنگی کو مٹانے کی کوشش کی ہے۔ اس قابل ذکر واقعہ نے کے لیے تعریف کی مستحق ہے۔ جیسا کہ کہاوت ہے کہ "علم نے انسان کو مخلوقات میں اعلیٰ مقام پر فائز کیا ہے"۔ ادب، بدلے میں، علم کو بلند کرتا ہے، زندگی کے ہر شعبے میں ترقی اور ترقی کرتا ہے۔ علم اور ادب انسانی وقار کا جوہر ہے، جس میں تطہیر، خوبصورتی، ہمدردی اور احسان ہے۔ وہ فرض، عاجزی، اور آزادی کے احساس کو فروغ دیتے ہیں، جبکہ تندہی، انسانی جدوجہد، اور بھروسے کو فروغ دیتے ہیں۔ ادب سماجی شعور کی عکاسی کا کام کرتا ہے اور آج ہمارے معاشرے میں عدم










کتابوں اور سیکھنے کے ساتھ کمیونٹی کی محبت کی ایک شاندار مثال قائم کی ہے۔ گوادر کی نسبتاً کم آبادی کے باوجود، کتاب میلے میں زبردست ردعمل دیکھنے میں آیا تھا لوگوں نے جوش و خروش سے اپنے پیسوں سے کتابیں خریدیں۔ یہ علم اور ادب سے کمیونٹی کی گہری وابستگی کو ظاہر کرتا ہے۔ RCDC کے صدر اور ان کی ٹیم اس تقریب کے انعقاد میں ان کی انتھک کوششوں برداشت، غصہ اور اشتعال پھیلانے کی وجہ علم و ادب سے ہماری بڑھتی ہوئی دوری کو قرار دیا جا سکتا ہے۔ کتابیں امن و امان انسانی رواداری کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ گوادر کتاب میلہ ایک روشنی کے طور پر کھڑا ہے، جو ایک روشن خیال، ہمدرد اور ترقی پسند معاشرے کو فروغ دینے کے لیے علم اور ادب کو اپنانے کی اہمیت کا اعادہ کرتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 20 JAN 2025 Page No.



لاہور، صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران کو عمرہ ادائیگی پر بار کھان کا وفد گلدستہ دے رہا ہے



کوئٹہ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner